اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQ)
گریڈ 3-8 کے نیو یارک ریاست امتحانات لینے والے طلبا والدینی رہنمائی

ہر طالب علم کامیاب ہو کا وفاقی قانون یہ تقاضا کرتا ہے کہ اسکول گریڈ 3-8 کے لیے ELA اور ریاضی کی ایک سالانہ تشخیص کا انعقاد کریں اور سائنس میں ایک بار ہائی اسکول کے لیے، اسکولوں کے لیے ایلیمنٹری، مڈل، اور ہائی اسکولوں کے ایک بار تشخیص کا انعقاد کرنا لازمی ہے۔ وفاقی اور ریاستی احکامات کی تکمیل کے علاوہ، یہ امتحانات طلبا اور اسکولوں کے لیے سال بہ سال کی پیش رفت کی پیمائش کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ امتحان کے بارے میں آپ کے سوالات اور جوابات کی فہرست ذیل میں ہے۔

گریڈ 3-8 کے ریاستی امتحان کب ہوں گے؟

2017 میں ELA امتحان 28-30 مارچ کو دیا جائے گا، تلافی امتحان 31 مارچ، 3-5 اپریل کو ہوگا۔ ریاضی کا امتحان 2-4 مئی کو ہو گا، تلافی امتحان 8-10 ,5 مئی کو ہو گا۔ گریڈ کی سطح کے مطابق امتحان کا مکمل شیڈول آن لائن اسکولی کیلینڈر پر دستیاب ہے۔

امتحان کے نتائج کو کس طرح استعمال کیا جاتا ہے؟

ریاست کی تشخیصات طلبا کی بنیادی تعلیمی پروگرام کا اہم حصہ ہیں۔ یہ متعدد مطالعات کے مواد کے مشمولات اور صلاحیت میں طلبا کی استعداد کی پیمائش کی وہ حدفراہم کرتی ہیں جو طالب علم کے کالج اور طرز معاش کی مستعدی کی نگرانی میں اور مستقبل کی تدریس کی صورت بنانے میں مدد دیتی ہیں۔ کلاس روم کے مفوضہ کام میں طلبا کے کام کے ساتھ ساتھ پروجیکٹس، مضامین، اور تشخیصات، ریاستی امتحان نتائج اساتذہ کو اسکے متعلق اہم معلومات فراہم کرتے ہیں کہ طلبا کالج اور طرزمعاش کے تعین اپنی راہ پر کہاں موجود ہیں۔

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم امتحانات کے نتائج کو یہ تشخیص کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے کہ اسکول کیسی کارکردگی دکھا رہا ہے اور ان شعبوں کی نشان دہی کرنا جن میں اسکول کی بہتر معاونت کی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، محکمئہ تعلیم کچھ پروگراموں اور مڈل اور ہائی اسکول ریاستی امتحان نتائج کو دیگر عوامل کے ساتھ طلبا اور اسکول میں داخلے کے متعلق فیصلے لینے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے؛ ریاستی امتحانات نہ رکھنے والے طلبا ان پروگراموں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں لیکن ان کو اضافی اقدامات لینے ہوں گے (مزید معلومات کے لیے ذیل ملاحظہ کریں)۔ یہ ریاستی امتحانات کم سے کم تعلیمی سال 2019-2020 تک طلبا کے گریڈ میں ترقی پانے پر یا اساتذہ یا پرنسپل کی رسمی تشخیصات پر اثر انداز نہیں ہوں گے۔ ان تشخیصات کی بنیاد پر کسی بھی قابلیت کو فروغ دہی، یا تشکیلی مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

طالب علم کے لیے امتحان مکمل کرنے کے لیے کتنا وقت دیا جائے گا؟

گذشتہ سال کی طرح اس سال کے امتحان کے لیے وقت لا محدود ہے۔ جب تک طلبا ایک ثمر آور انداز میں کام کرتے رہیں، طلبا اپنے رفتار سے کام کرنے کے قابل ہوں گے، اور تمام طلبا، بشمول سہولیات کے حامل طلبا، امتحان کو مکمل کرنے کے بعد جمع کرواسکتے ہیں۔

اگر امتحان دینے وقت طالب علم غیر حاضر رہتا ہے تو اس صورت میں کیا ہو گا؟

اگر طالب علم امتحان کے انعقاد کے دوران غیرحاضر ہوگا تو اسکول تلافی میعاد کے دوران امتحان منعقد کرے گا۔ اگر طالب علم تلافی معیاد کے دوران بھی غیرحاضر ہوا تو طالب علم کا امتحان نہیں لیا جائے گا۔

کیا والدین کے لیے کوئی شق موجود ہے کہ وہ اپنے بچوں کو ریاستی امتحانات میں شرکت نہ کرنے دیں یا متبادل تشخیص کی درخواست کریں؟

مخصوص پہلوؤں جن میں والدینی رضامندی لازم ہے، جیسے معذوری کے حامل بچوں کے لیے خاص تعلیم کی کمیٹی (CSE) تشخیصات اور وفاقی طلبا کے حقوق کی حفاظت کی ترمیم کے تحت مخصوص وفاقی سرمایہ شدہ سروے اور تجزیے کے ماسوا ریاستی قانون اور ضوابط میں ایسے کوئی شق نہیں جو والدین کو اپنے بچوں کو ریاستی امتحان میں شرکت نہ کرنے یا متبادل تشخیص کی گزارش کرنے کی اجازت دے۔ اگر والدین اپنے بچوں کو ریاستی امتحان سے خارج کروانے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو ان کو اپنے بچے کے پرنسپل سے مشورہ کرنا چاہیئے۔ اگر، پرنسپل کے ساتھ مشاورت کرنے کے بعد بھی والدین اپنے بچے کو امتحان سے خارج کروانا چاہتے ہیں تو پرنسپل کو والدین کے فیصلے کا احترام کرنا چاہیئے اور ان کو یہ بتانا چاہیئے کہ اسکول امتحان کے دوران ان کے بچے کو ایک متبادل سرگرمی (مثلاً مطالعہ) فراہم کرنے کی بھر پور کوشش کرنے کام کرے گا۔ والدین اور پرنسپل کو اس گفتگو کا تحریری ریکارڈ رکھنا چاہیئے۔

اگر طالب علم ریاستی امتحان دینے سے انکا کرے تو کیا ہوگا؟

اگر ایک طالب علم اسکول میں موجود ہے اور پوری طرح سے ریاستی امتحان دینے سے انکار کرتا ہے تو اسکول امتحان کے تینوں ایام کے لیے امتحان کے جوابی دستاویز " پورے امتحان سے انکار" کے بلبلے کو پر کرے گا۔ اسکول اسے کسی دیگر تدریسی سرگرمی میں مصروف عمل کرنے، جیسے مطالعہ یا کوئی دیگر پروجیکٹ یا مفوضہ کام مکمل کرنے کی سرگرمی کا اہتمام کرنے کی پوری کوشش کرے گا۔

شرکت نہ کرنے والے طلبا اسکور موصول نہیں کریں گے، انہی طلبا کی طرح جو امتحان میں حاضر تھے لیکن انہوں نے کسی سوال جواب نہیں دیا تھا یا ان طلبا کی طرح جن کے امتحانات انتظامیہ کی غلطی کی وجہ غیر مستند قرار دیئے گئے ہیں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ جو بچے امتحان نہ لینے کا فیصلہ کرنے کے مابعد امتحان کے کسی بھی حصے میں ایک یا زائد سوالات کے جوابات کے دیتے ہیں تو ان کو امتحان لینے والا طالب علم تسور کیا جائے گا اور یہ ایک اسکور موصول کریں گے۔

جو طلبا امتحان میں بیٹھنے سے انکار کریں ان پر ہونے والے اثرات ذیل میں ہیں

ترقی کے فیصلوں کے لیے: پورے تعلیمی سال کے دوران اسکول طلبا کی مشترکہ بنیادی تعلیمی معیارات کی جانب حصولیابی کی پیش رفت کی تشخیص کرتے ہیں۔ ریاستی امتحان اسکور، رپورٹ کارڈز، طلبا کی تحریر کے نمونے، پراجیکٹس، مفوضہ کام اور طلبا کے کام پر مبنی دیگر کرکردگی جیسے متعدد معیارات کو استعمال کر کے طلبا کی مجموعی تشخیص کی جاتی ہے۔ جب کہ ریاستی امتحان کے اسکور کو زیر غور لایا جا سکتا ہے، لیکن یہ ترقی دینے کے فیصلوں کے لیے اہم یا بڑا جز نہیں ہو سکتا ہے۔ طلبا کو محض ریاستی امتحان نہ لینے کی وجہ سے سزا نہیں دی جا سکتی یا ان اسی گریڈ میں روکا نہیں جا سکتا ہے۔

اگر اسکول یہ تعین کرتا ہے کہ طالب علم نے فنون انگریزی زبان (ELA) اور ریاضی میں حسب ضرورت پیش رفت کی ہے (اور اگر طالب علم گریڈ 8 میں تمام بنیادی مضامین کو پاس کر لیا ہے) تو طالب علم کو ترقی دے دی جائے گی۔

اسکولی سال کے دوران متعدد ثبوت کی بنیاد پر اگر اسکول یہ تعین کرتا ہے کہ طالب علم نے فنون انگریزی زبان (ELA) اور ریاضی میں حسب ضرورت پیش رفت نہیں کی ہے تو اسکول طالب علم کی اگلے گریڈ کے لیے مستعدی کا تعین کرنے کے لیے ترقی کے ایک پورٹ فولیو کو مکمل کرے گا۔ ترقی کے پورٹ فولیو کمن کور سے مربوط ہوتے ہیں، یہ طالب علم کی حقیقی تعلیم کی تشخیص کرتے ہیں، اور بشمول اسکولوں کے پاس ان میں تشخیصات اور پورے اسکولی سال کے دوران طالب علم مکمل کردہ کام کو مربوط کرنے کی لچک ہوتی ہے۔ اگر طالب علم کا پورٹ فولیو یہ ظاہر کرتا ہے کہ طالب علم نے ترقی کے معیارات کی تکمیل کر لی ہے تو طالب علم کو اگلے گریڈ میں ترقی دے دی جائے گی۔ طالب علم کے محض ریاستی امتحان نہ لینے کی صورت میں اسکول طالب علم سے ترقی کے پورٹ فولیو کو مکمل کرنے کا مطالبہ نہیں کر سکتے ہیں

ترقی کی پالیسی، بشمول انگریزی زبان کے متعلمین اور انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) والے طلبا کی مزید معلومات کے لیے ذیل ملاحظہ کریں"کیا توقع کی جائے: ترقی اور گرمیوں کا اسکول."[1]

اندراج کے فیصلوں کے لیے: مارچ 2014 میں ریاست کے منظور کردہ قانون[2] محکمئہ تعلیم کا کوئی اسکول یا پروگرام اپنی داخلے کی پالیسیوں میں ریاستی امتحان کے اسکور کو واحد، بنیادی یا اہم جز کے طور پر استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔ ذیل میں ان صورت حال کی وضاحت ہے جہاں ریاستی امتحان کے اسکور داخلے کے لیے متعدد معیارات میں ایک معیار کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

کچھ مڈل اور ہائی اسکولوں کے تعلیمی چھان بین پروگرام ہوتے ہیں جو امتحان کے اسکور کو متعدد دائرہ کار میں سے ایک طور پر استعمال کرتے ہیں، جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے مڈل اسکول ڈائریکٹریز[3] اورہائی اسکول ڈائریکٹریز[4]. امتحان کے اسکور کے بغیر طلبا ان پروگراموں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، اور اسکولوں کو امتحانی اسکور کی غیر موجودگی میں داخلے کے فیصلوں کو کس طرح کیا جائے کے بارے میں پالیسیوں کو فروغ دینے کی ہدایت دی جا چکی ہے۔ ہر ایک اسکول کی انفرادی پالیسیوں کے بارے میں جاننے کے لیے براہ کرم اسکول سے براہ راست رابطہ کریں، اگر آپ کو ایک اسکول سے داخلے کی پالیسی کے حصول میں دقت ہو رہی ہے تو براہ کرم اسکول کے اہل خانہ قیادت ربط دہندہ سے رابطہ کریں۔

اسکولی احتساب کے لیے ریاستی اور وفاقی: ریاستی اور وفاقی احتسابی قوانین کے مطابق ریاست، ریاستی امتحانات میں ہر ایک اسکول کی شرکت کی شرح کی پیمائش کرتی ہے۔ وجہ سے قطع نظر (جیسے غیر حاضری یا انکار)، اگر کسی اسکول کے 95% سے کم یا طلبا کا ایک یا زائد ذیلی گروہ (مثال کے طور پر، سیاہ فام طلبا، معذوری کے حامل طلبا، وغیرہ) ELA یا ریاضی تشخیص لیتے ہیں، تو اس تعلیمی سال کے لیے اسکول کی تعیناتی بطور "مناسب سالانہ ترقی نہ کرنے" (AYP) والے اسکول کے طور پر کی جاتی ہے۔ جس کا نتیجہ ذیل میں ہے:

- تین سال کے لیے ایک ہی ذیلی گروہ کے لیے AYP کو نہ حاصل کرنے والے اسکول کی نشان دہی مقامی امداد منصوبہ (LAP)کے طور پر کی جاتی ہے۔ LAP اسکول کو "اچھی حیثیت والے" نہیں سمجھا جاتا ہے اور عموماً یہ اضافی رپورٹیں دینے اور ذاتی جائزہ لینے کے تقاضا کے موقوف پر ہوتے ہیں۔ .
- جو اسکول شرکت کرنے کی شرح کے دائرہ کار کی تکمیل نہیں کرتے ہیں یہ "ریوارڈ اسکول" کی حیثیت کے لیے زیر غور لائے جانے کے اہل نہیں ہوتے ہیں جو ریاست کے اسکولوں میں اسکول کی نشان دہی اعلی کارکردگی دکھانے والے یا اعلی پیش رفت کرنے والے اسکول کے طور پر کی جاتی ہے۔

اس سال کے ریاستی امتحان کے نتائج اساتذہ اور پرنسپلوں کی درجہ بندی اور نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم اسکولی احتساب کو کس طرح متاثر کریں گے؟

ریاستی قانون کے مطابق، ریاست کے 3-8 گریڈ ELA اور ریاضی امتحانات میں اساتذہ اور پرنسپلوں کی سالانہ پیشہ ورانہ جائزے کی درجہ شامل نہیں ہو گی۔ ریاستی امتحان کے نتائج کی بنیاد پر کسی بھی قابلیت میں اساتذہ اور پرنسپلوں کی غیر عبوری درجہ بندی شامل ہو گی جن کو صرف مشاورت کے مقصد کے لیے استعمال کیا جائے گا. اس سال کے نتائج کو اسکول کی کارکردگی کے معیارات میں شامل کیا جا سکتا ہے جس کو نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے اسکولی معیار رہنمائی میں کی جاتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی ملاحظہ کریں: http://schools.nyc.gov/Offices/advance/.

[1] http://schools.nyc.gov/NR/rdonlyres/64DAAB5A-BED4-4F9C-B9ED-396D6D87FC25/0/Acpolicypromoforfamilies.pdf

[2] http://intranet.nycboe.net/NR/rdonlyres/E9E239C9-8C85-47DC-827D-DEA10CFD5D9D/0/305Generalpowersandduties.pdf

[3] http://schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment/Middle/Resources/default.htm

[4] http://schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment/High/Resources/default.htm

کیا والدین اپنے بچے کے امتحان دے دینے کے بعد امتحان کا جائزہ لے سکتے ہیں؟

جی ہاں، والدین اپنے بچے کے امتحان کے اسکور کو اپنے این وائی سی اسکولز اکاونٹ کے ذریعے دیکھ سکتے ہیں۔ ریاست طلبا کی انفرادی رپورٹ کارڈز کو بھ یتقسیم کرتی ہے جو طالب علم کے کی کارکردگی تفصیلی معلومات فراہم کرتی ہے۔ اس کے علاوہ، اہل خانہ امتحان کے اسکور اور مجموعی تعلیمی کارکردگی پر بات چیت کرنے کے لیے اپنے بچے کے استاد اور پرنسپل سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

والدین امتحان ہو جانے کے بعد اپنے بچے کے امتحان کے کچھ حصوں کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ والدین فنون انگریزی زبان بُک 2 اور 3 اور ریاضی بُک 3 کے لیے تفصیلی جوابات والے سوالوں کے لیے اپنے بچے کے جوابات کے ایک جائزہ کی درخواست کرنے کے لیے اسکول سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ یہ لازمی ہے کہ جائزہ اسکولی عملے کی موجودگی میں کیا جائے۔

ریاست والدین کو اپنے بچے کے امتحان کے کثیر انتخابی جوابات کے حصے کا جائزہ لینے کی اجازت نہیں دیتی ہے۔ اس بجائے، یہ تاریخی طور پر ہر ایک امتحان کے تقریباً 50% سوالات کو جاری کرتے ہیں تاکہ اس قسم کے سوالات کی نمائندگی کو پیش کیا جا سکے جو امتحان میں ہوں گے۔

(T&I-25756 (Urdu)